## بلدیہ ٹاؤن کے علاقے نیول کالونی میں بم دھماکے کا فوری نوٹس لیا جائے، الطاف حسین

## بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں

لندن۔۔۔10 / جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلدیہ ٹاؤن کے علاقے نیول کالونی کے قریب بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکہ میں ایک شخص کی ہلاکت اور متعدد شہریوں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے نیول کالونی میں بم دھماکے کو کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور یہ دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ بلدیہ ٹاؤن کے علاقے نیول کالونی میں بم دھماکے کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے شخص کے سوگوار لواحقین سے دلی افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کی دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆